کی صاف صاف ممانعت نظر آرہی ہے اور شخصی اجارہ داریوں کو بھی یہی حدیث ہلا رہی ہے . . . . ،،

اس عبارت میں دنیا کی محبت جسے ساری خرابیوں کی جڑ بتایا جا رہا ہے اس کے بارے میں یہ توضیح ضروری ہے کہ وہ ایسی محبت ہوتی ہے جس میں انسان اللہ تعالی کی بتائی ہوئی حدود میں رہنے اور اللہ کا بندہ بننے کے بجائے خواہشات نفسانی اور ذاتی مفاد کا بندہ بن جاتا ہے، ورنہ دنیا اور اس میں انسانوں کے فائدہ کی جتنی چیزیں ہیں ان سے متوازن محبت رکھنا کوئی گناہ نہیں نہ اس سے فساد کا خطرہ باقی رہتا ہے، ہر محبت کو اللہ کی محبت کے تابع رکھنا ضروری ہے ۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: والذین آمنوا أشد حبا للہ ۔ (البقرۃ : ۱٦٥)

اس حدیث کی تشریح میں زمینداری، کرایہ خوری، رئیسی، سود خوری، محنت کے پھل عوام تک پہنچانے کے لئے درمیانی لوگوں کے دھندے، سبھی کو معاشرے کے لئے مضرت رساں اور اس لئے ممنوع قرار دیا گیا ہے ۔

کتاب کے اہم ابواب میں سے ''اسلام اور مسلم، علم اور علماء، اسلامی معاشرہ، اخلاق حسنہ اور مال و دولت،، خاص طور پر قابل توجہ ہیں اس قسم کے پچاس سے زائد موضوعات ہیں جن کے تحت پانچ سو عنوانات قائم کرکے زندگی کے مختلف گوشوں پر اسلامی اخلاقیات کی ترجمانی کی گئی ہے ۔

مجموعی طور پر کتاب طلبہ اور عام تعلیمیافتہ مسلمانوں کے لئے مفید ہے ۔

(عبدالرحمن طاہر سورتی)

کتاب: مکمل اشاریہ تفسیر ماجدی

مرتب: حافظ نذر احمد پرنسپل شبلی کالج،

ناشر: مسلم اکادمی ۱۸ – ۲۹ محمد نگر علامہ اقبال روڈ، لاہور۔

قیمت: تین روپیہ ۔

محترم مولانا عبدالماجد دریابادی کی شخصیت گرامی اور ان کی تفسیر

علمی حلقوں میں کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ مرتب نے موصوف کی تفسیر کے مضامین کو بسہولت قارئین تفسیر تک پہنچانے کے لئے بڑی محنت سے یہ اشاریہ تیار کرکے شائع کرایا ہے۔ جن حضرات کے پاس مولانا موصوف کی یہ تفسیر ہے یا جو مولانا کی تفسیر کے مضامین سے رہنمائی حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے یہ کوشش مفید ہوگی۔ خود مولانا عبدالماجد صاحب نے اس اشاریہ کے نمونہ کو بنظر استحسان دیکھ کر اس محنت پر ان کا شکریہ ادا کیا ہے۔

اگر مضامین بجائے عربی کے اردو میں لکھے جاتے تو ترجمہ و تفسیر پڑھنے والوں کو زیادہ مدد ملتی۔ کتاب بڑی تقطیع کے چوالیس صفحات پر مشتمل ہے۔

(عبدالرحمن طاہر سورتی)

عیسائیت کیا ہے : از مولانا محمد تقی عثمانی۔

شائع کردہ دارالاشاعت مولوی مسافر خانہ، کراچی-۱

تعداد صفحات ۱۹۲، بڑی تقطیع، مجلد مع گرد پوش

قیمت چھ روپیے پچھتر پیسے۔

دارالاشاعت کے علاوہ مندرجہ ذیل پتوں سے طلب کی جا سکتی ہے۔

ادارۃ المعارف، ڈاکخانہ دارالعلوم، کراچی-۱۴

مکتبہ دارالعلوم، ڈاکخانہ دارالعلوم، کراچی-۱۴

ادارۂ اسلامیات، نمبر ۱۹۰، انارکلی، لاہور

ابتداءً یہ کتاب مولانا رحمت اللہ کیرانوی کی کتاب ''اظہارالحق'' کے اردو ترجمہ میں بطور مقدمہ شامل تھی بعد میں افادہ عام کی خاطر اسے الگ کتابی صورت میں شائع کردیا گیا ہے۔ اظہارالحق کے ترجمے کی دو جلدیں ''بائبل سے قرآن تک'' کے نام سے پہلے شائع ہوچکی تھیں اس کی تیسری اور آخری جلد حال ہی میں مکتبہ دارالعلوم کراچی سے شائع ہوئی ہے۔ اس کا ترجمہ مولانا